ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۴۲ء رجسٹرڈ ایل نمبر 2229

ہندوستان کا سب سے پرانا اور سب سے سستا ماہوار طبی

رسالہ

حافظ صحت لاہور

خاص نمبر

علاج بالمفردات

جلد ۱۲ نمبر ۴

ایڈیٹر: حکیم مظفر حسین اعوان

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
تازہ خبریں	۲	گھیکوار کے فقیرانہ چٹکلے	۱۰
فوائد پھٹکری	۳	انار کے خواص	۱۰
نیم کے کمالات	۵	بادام کے لذیذ مرکبات	۱۱
درخت کیکر کے ٹوٹکے	۶	آک کے سنیاسی نسخے	۱۴
سونف کے اعجاز	۷	نمک کے عجائبات	۱۴
ریٹھے کی سحرکاری	۸	زقوم کی تاثیرات	۱
پیاز کے مجرب نسخے	۹	آملہ کی خوبیاں	۱۷
		مولی کے اسرار	۱۷

مقام اشاعت دواخانہ ڈاکٹر حکیم حاجی غلام نبی زبدۃ الحکما موچی گیٹ لاہور

تازہ خبریں

ڈاکٹر سر ضیاء الدین احمد صاحب نے مسلم یونیورسٹی علیگڑھ میں ایک میڈیکل کالج قائم کرنے کی اپیل کی ہے جس کی واقعی ضرورت ہے۔

تازہ اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ متھرا میں ہیضہ پھیل رہا ہے

حکومت پنجاب نے ہر شہر میں متعدد دوا فروشوں اور میڈیکل پریکٹیشنروں کو سرکاری کونین کی ٹکیاں عوام میں فروخت کرنے کے لئے مقرر کیا ہے ان ٹکیوں پر ایک طرف (ک) اور دوسری طرف ۱.. کا نشان ہے یہ ٹکیاں کسی رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر کا نسخہ دکھا کر خریدی جا سکتی ہیں ایک شخص ایک مرتبہ پانچ پانچ گرین کی بارہ ٹکیاں خرید سکتا ہے۔ تین گولیاں ایک آنہ کی یا اگر چار درکار ہوں تو ڈیڑھ آنہ کی ملیں گی

نیو یارک۔ میڈم چیانگ کائی شیک کے معالجوں نے اعلان کیا کہ میڈم موصوف بالآخر بالکل ٹھیک ہو سکتی ہیں لیکن اس کے لئے کافی وقت درکار ہوگا۔ بیماری کا انکشاف نہیں کیا گیا۔

بھیرہ میں ملیریا اتنا زور پر ہے کوئی گھر ہوگا۔ جہاں کوئی آدمی بخار کی وجہ سے بیمار نہ پڑا ہو کافی لوگ ملیریا اور ہیضہ کا شکار ہو چکے ہیں۔

بریسال (بنگال) میں ۸ ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں ۱۰۵ نئے بیمار فاقہ کش شفاخانوں میں داخل اور ۱۰۱ صحت یافتہ فاقہ کش خارج کئے گئے۔ باریسال صدر ریلیف ہسپتال میں ۲۰۰ فاقہ کش راہی عدم ہوئے۔

اندازہ لگایا گیا ہے کہ چوہے ہندوستان میں ہر سال دس لاکھ ٹن اناج کھا جاتے ہیں۔ بمبئی گورنمنٹ نے ایک سکیم مرتب کی ہے جسکے مطابق ہر چوہا مارنے والے کو آدھ آنہ فی چوہا انعام ملیگا۔

کوڑیوں کے مول کی مجرب مفرد ادویات

فوائد پھٹکڑی

پھٹکڑی جو کہ نہایت سستی اور ہر جگہ عام ملنے والی چیز ہے اس کو ایک بے حقیقت چیز نہ سمجھیں بلکہ تقریباً سو بیماریوں کی واحد دوا ہے جس سے اچانک ہو جانے والی بیماریاں بفضلہ فوراً دور ہو سکتی ہیں۔ علاوہ ازیں اس سے ہر قسم کے کشتہ جات اور حیرت انگیز طلسمات بھی بڑی آسانی سے تیار کیے جا سکتے ہیں نیز پانچ منٹ میں بال سیاہ کرنے کے خضاب چمڑا اور اونی کپڑا رنگنا وغیرہ وغیرہ ایسے ہنر کیے جا سکتے ہیں۔ جن سے انسان مالا مال ہو سکے ہم ذیل میں نمونتہً چند ایک چٹکلے عرض کرتے ہیں۔

نوبتی بخار۔ پھٹکڑی کی کھیل ۲ رتی سے ۴ رتی تک نوبت بخار سے تین گھنٹہ قبل ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے کسی شربت میں ملا کر چٹائیں۔ باری کا بخار رک جاوے گا بشرطیکہ قبض نہ ہو۔ لیکن حاملہ عورتوں کو مضر ہے۔

آنکھیں دکھنا۔ پھٹکڑی بریاں ۲ رتی کو عرق گلاب یا بارش کے پانی دو تولہ میں ملا کر شیشی میں سنبھال رکھیں دو دو قطرے دن میں تین بار ڈالا کریں درد اور سرخی کو آرام ہوگا

ضیق النفس۔ ایک کبوتر ذبح کر کے اس کے پیٹ سے تمام آلائش نکال کر اچھی طرح صاف کر لیں۔ پھر اس کے اندر ایک چھٹانک پھٹکڑی بھر دیں اور پیٹ سی کر ہانڈی میں گل حکمت کر کے کمہاروں کی بھٹی یا آوہ میں رکھکر آگ دے دیں۔ سرد ہونے کے بعد پھٹکڑی باریک پیسکر محفوظ رکھیں۔ خوراک نصف رتی ہمراہ مکھن

پھولا پھلی پھٹکڑی کی کھیل کو برگ حنا اور زیرہ سفید کے پانی میں تین چار دن کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھو۔ سرخی چشم کیسی دیرینہ کیوں نہ ہو فوراً دور ہوگی۔ آنکھ دکھنے کے بعد اگر آنکھ میں پھولا پڑ گیا ہو تو اس سے زیادہ موثر سرمہ کوئی نہ ہوگا۔ پانی ہر دو اشیا

کا رات کو بھگو کر رکھنے سے حاصل کرو؟

سرمۂ رفیق چشم - پھٹکری ۲ تولہ - گائے کا خالص گھی ۱ تولہ - لوہے کے توے پر رکھ کر نیچے خوب آگ جلائیں - تھوڑی دیر کے بعد دوا میں آگ لگ جائے گی جب خوب جلکر سیاہ ہو جائے اور چکناہٹ بالکل باقی نہ رہے تو آگ بند کر دیں اور سرد ہونے پر کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیسکر شیشی میں سنبھال رکھیں - رات کے وقت دو دو سلائی آنکھوں میں ڈالا کریں - یہ سرمہ آنکھوں کی تمام بیماریوں کی اکسیر دوا ہے - ککرے - پانی جانا - نظر کی کمزوری وغیرہ کو نہایت مفید اور سستا سرمہ ہے -

کان سے پیپ آنا - اگر کان سے پیپ آتی ہو تو اس کا ڈاکٹری میں کوئی تسلی بخش علاج نہیں - مگر ذیل کے چٹکلہ سے بفضلہ پوری صحت ہو جاتی ہے - پھٹکری کو باریک پیسکر شہد میں ملائیں اور اس میں ململ کے کپڑے کی بتی بنا کر تر کرکے کان میں رکھیں اسی طرح دن میں تین بار نئی نئی تبدیل کر دیا کریں - پرانی سے پرانی بیماری سات روز میں دور ہوگی -

کھانسی - پھٹکری بریاں ۱ تولہ - کھانڈ دیسی دس تولہ باریک پیسکر ۲۴ پوڑیہ بنا رکھیں - اور تر کھانسی والے کو گرم پانی سے اور خشک کھانسی والے کو گرم دودھ سے دیں -

سرفہ اطفال - پھٹکری کی کھیل پانی میں حل کرکے دودھ پلانے والی کے پستان کی بھٹنی پر لگا کر بچہ کو دودھ پلانے سے شیر خوار بچے کی کھانسی دور ہوگی -

یرقان - پھٹکری عمدہ قسم کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے بریان کرلیں اور اس میں ایک چٹکی لے کر کھلائیں اور اوپر سے دہی کا پیالہ پلائیں دوسرے دن دو چٹکی اور تیسرے دن تین چٹکی اور پھر چار دن تین تین چٹکی ہی کھلاتے رہیں اور اوپر سے دہی کا پیالہ پلاتے رہیں - یرقان ایک ہی ہفتہ میں دور ہو جاتا ہے -

نکسیر پھٹکری کی کھیل عرق کاسنی میں حل کرکے نکسیر والے کی ناک میں ڈالو اور قدرت کا تماشہ دیکھو - یا صرف پھٹکری بریاں بطور نسوار استعمال کریں -

بچھو کاٹے کا تریاق جس کو بچھو کاٹ جائے - اس کی آنکھوں میں پھٹکری حل کی ہوئی کے چند قطرے ڈالیں - آنکھوں سے گرم گرم پانی نکل کر آرام ہو جاتا ہے -

نیم کے کمالات

نیم ہندوستان کا وہ مبارک درخت ہے کہ جس پر ہم جتنا بھی ناز کریں بجا ہے۔ اس سے بڑی بڑی شدید اور بھیانک بیماریاں بڑی آسانی سے رفع دفع ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ ہم ذیل میں چند ایک نسخے نقل کرتے ہیں۔

پھنسی: نیم کی چھال ۲ ماشہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۵ دانہ پانی میں پیس کر پھنسیوں پر لگائیں۔ آرام ہو جائے گا

بواسیر۔ نیم کے پختہ پھلوں کا مغزہ تولہ لیکر خوب باریک پیس لیں اور اس میں ۲ تولہ پرانا گڑ ملا کر خوب کوٹیں اور دو دو ماشہ کی ٹکیاں بنا لیں اور روزانہ تازہ پانی کے ہمراہ صبح و شام ایک ایک ٹکیہ استعمال کریں۔

درد کان: پتوں کو جوش دیکر درد کان میں (جو کہ کان کی پھنسی کی وجہ سے ہو) بھپارہ لینا مفید ہے۔

دانتوں کی حفاظت: نیم کی مسواک کرنے سے دانت کی کوئی بیماری لاحق نہیں ہوتی

خرابیٔ خون: بہت پرانے نیم کی چھال لیکر خوب باریک پیسکر شیشی میں حفاظت سے رکھیں اور رات کو ۳ ماشہ دوا پاؤ بھر پانی میں بھگو کر صبح کے وقت پلایا کریں خارش داد۔ چنبل۔ پھوڑا۔ پھنسی۔ آتشک بلکہ جذام تک کو مفید ہے۔ اگر کوئی شخص نیم کے سایہ میں سارا دن آرام کرے تو اس کا خون صاف ہو جاتا ہے۔

جوئیں پڑ جانا۔ نیم کے پھل کا مغز پانی میں پیسکر بالوں کی جڑوں میں لگانا سر کی جوؤں کو مارنے کے لئے عمدہ علاج ہے۔

خارش چشم۔ اگر ایک کپڑے میں پھولوں کو لپیٹ کر بتی بنائیں اور اس کو سرسوں کے تیل میں تر کر کے جلا کر کاجل حاصل کریں تو یہ کاجل خارش چشم کے لئے بہت مفید ہے۔

نیم کا گھی: نیم کے پتے ۵ تولہ پاؤ بھر پانی میں گھوٹ لیں اور پاؤ بھر گھی گائے میں ملا کر آگ پر رکھیں جب تمام پانی جل کر صرف گھی باقی رہے تو اتار کر سنبھال

رکھیں اور روزانہ ۸ ماشہ سے ۱۰ ماشہ یا کم و بیش بچے کی عمر کے موافق دودھ میں ملا کر دیا کریں۔ پھوڑا پھنسی۔ خارش کی بہترین دوا ہے۔

اورام: نیم کے پتوں کا بھرتہ بنا کر پھوڑے پھنسیوں اور دیگر اورام پر باندھتے ہیں جس سے وہ پختہ ہو کر پھوٹ جاتے ہیں یا سوجن دور ہو جاتی ہے۔

طاعون سے بچاؤ: برگ نیم ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ نیم کے ڈنڈے سے باریک پیس کر گولیاں نخودی بنالیں اور طاعون کے دنوں میں چار گولیاں صبح کے وقت پانی سے کھایا کریں۔ طاعون سے حفاظت رہے گی۔

زخم: نیم کے پتوں کو جوش دیکر پانی سے زخموں کو دھونا مفید ہے۔ خشک پتوں کو باریک پیس کر بھی زخموں کے اوپر چھڑکتے ہیں

تپ دق: نیم کی جڑ کی چھال۔ نیم کا رس۔ نیم کا پھول۔ نیم کے پتے۔ نیم کے تخم کا مغز ایک ایک تولہ لے کر گدھی کے سیر بھر دودھ میں رات کو ڈال کر دہی بنالیں اور صبح بلو کر مکھن نکالیں اور تپدق کے مریض کو ۲ تولہ ہر روز بوقت صبح کھلایا کریں۔ تو مریض کو پندرہ بیس یوم کے اندر کامل صحت ہو گی۔

بچھو کا تریاق: نیم کی چھال کو بجائے تمباکو چلم میں رکھ کر پلائیں۔ بس کش لگانے کی دیر ہے۔ بفضلہ فوراً آرام آجاتا ہے۔

درخت کیکر کے ٹوٹکے

درخت کیکر بھی خدا کی مہربانی سے بڑا ہی مفید اور کارآمد ہے۔ خصوصاً جریان اور سیلان۔ ضعف باہ۔ سرعت انزال کے لئے اکسیر ہے۔ علاوہ ازیں اس سے کئی عمدہ کشتہ جات بھی تیار ہوتے ہیں۔ چنانچہ اب ہم ذیل میں چند ایک مجرب ٹوٹکے نقل کرتے ہیں۔

کان سے پیپ آنا۔ روغن سرشف ۵ تولہ میں کیکر کے پھول ۱ تولہ جلا کر محفوظ رکھیں صبح و شام چند قطرے گرم کر کے کانوں میں ڈالا کریں۔

کھانسی۔ کیکر کی گوند۔ شکر سرخ ہموزن لیکر باریک پیسکر اور پانی کے ذریعہ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور منہ میں گولی رکھکر چوسیں۔

دست اور پیچش ۔ کیکر کے پتے ایک تولہ پانی میں گھوٹ کر پلائیں اس سے دست اور پیچش دور ہو جاتے ہیں ۔

دیگو: گوند کیکر تین ماشہ پانی میں جوش دیکر ذرا سرد ہونے پر قدرے مصری ملاکر چائے کی طرح گھونٹ گھونٹ کرکے پییں۔ دست بفضلہٖ بند ہو جائیں گے۔

بواسیر: کیکر کی پھلیاں جو کہ ابھی کچی ہوں سایہ میں خشک کرکے سفوف بنائیں اور بوقت صبح ۶ ماشہ سرد پانی سے کھایا کریں۔ دونوں طرح کی بواسیر کو بہت مفید ہے ۔

جریان منی: کیکر کے پتے ۔ پھول ۔ پھلیاں ۔ چھال ۔ گوند ۔ ہموزن لے کر سایہ میں خشک کرکے سفوف بنائیں اور اس کے برابر کھانڈ ملالیں ۔ اور ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام دودھ کے ہمراہ کھائیں ۔

دیگو! کیکر کی نرم نرم کونپلیں ۱تولہ پانی ۱۰ پاؤ میں گھوٹ کر چھان لیں اور ۲ تولہ مصری ملاکر ۱۲ روز تک پلائیں ۔

سونف کے اعجاز

سونف کو معمولی دوا خیال کرنا سخت غلطی ہے ۔ بڑے فائدے کی چیز ہے اس سے بے شمار فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں ۔ بڑی بڑی اور اچانک ہو جانے والی مرضیں آناً فاناً دور ہو جاتی ہیں چنانچہ چند ایک نسخے ذیل میں درج کئے جاتے ہیں ۔

دردسر سونف ۱۰ تولہ باریک پیکر سفوف بنالیں اور اس میں سے ۶ ماشہ سے ۱۰ ماشہ تک رات کو سوتے وقت گرم دودھ یا محض پانی سے ہی استعمال کیا کریں ۔ تقویت بصر اور دودھ بڑھانے کے لئے اس کا سفوف ہمراہ شیر گاؤ کھلاتے ہیں ۔

نظر کی کمزوری : سونف کو نرم نرم کوٹ کر تاکہ اس کا چھلکا اتر جائے رات کو اس میں سے ایک تولہ لیکر سالم ہی پانی سے نگلوا دیا کریں نظر چیل کی مانند تیز ہو جائیگی نیز اس کے جوشاندہ یا بادیان سبز کے پانی میں سرمہ کو کھرل کرکے آنکھوں میں لگانا مفید ہے ۔

قبض: سونف ۱۰ تولہ ۔ شکر سرخ ۱۰ تولہ باریک پیسکر ملالیں خوراک ۲ تولہ ہمراہ دودھ گرم رات کو کھا کر سو رہیں صبح پاخانہ خوب کھُل کر ہوگا اور طبیعت ہلکی ہو جائے گی ۔ اس طرح گلقند اور سونف بھی ملا کر دی جا سکتی ہے ۔

نزلہ و زکام: سونف کو صاف کرکے دردڑا کر لیں اور برابر وزن دیسی شکر ملا کر رکھ لیں یہ رات کو سوتے وقت ہتھیلی پر ڈال کر پھانک لیا کریں ۔

بخار ہر قسم: عرق بادیان ۱۰ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ گرم کرکے بطریق چائے دن میں تین بار پئیں ۔

ذیابیطس: سونف ایک تولہ نصف سیر پانی میں جوش دیں ۔ جب ایک پاؤ پانی رہ جائے تو چھان کر ۱ تولہ مکھن گائے ملا کر روزانہ صبح پئیں ۔ چالیس روزہ استعمال سے شکر کا اخراج بند ہو جاتا ہے ۔ جبکہ یہ مرض آنتوں کی خرابی سے لاحق ہو

ریٹھے کی سحر کاری

یہی ریٹھا جسے ہم کپڑے دھونے کے کام میں لاتے ہیں بڑی بڑی زبردست مرضوں کی بے خطا دوا ہے محض ایک پیسہ خرچ کرکے دوا تیار کرلو بفضلہ اس سے دس پندرہ مریض تندرست ہو جائیں گے ۔ چنانچہ ہم ذیل میں چند ایک ٹوٹکے عرض کرتے ہیں ۔

دردِ شقیقہ: پوست ریٹھہ کو پانی میں مل کر کف نکالیں اور شیشی میں ڈال لیں ۔ اگر درد بائیں جانب ہو تو دائیں طرف اور دائیں طرف ہو تو بائیں طرف دو بوند ناک میں ٹپکائیں بفضلہ مواد خارج ہو کر آرام ہو جائے گا ۔

ریٹھے کا سرمہ: ریٹھے کو خوب باریک پیسکر اس سے آٹھ گنا سرمہ ملائیں اور سرمہ کو غبار جیسا پیسکر رکھیں ۔ شکوری اور ظلمت بصر کے لئے بہت مفید ہے

عرقِ مدنی یعنی ناردا: پوست ریٹھہ کو پیسکر نارو کے اوپر لیپ کیا کریں ۔ اس سے جلد ہی شفا ہو جاتی ہے ۔

سانپ کا تریاق: پوست ریٹھہ ۱ ماشہ کو پانی میں گھوٹ کر یا جوشاندہ بنا کر پلائیں فوراً قے ہوگی دو دو گھنٹے بعد پلانے سے بذریعہ قے و اسہال جسم زہر سے پاک ہو جاتا ہے

خناق: جب مریض کی آخری حالت ہو چکی ہو - اور بچنے کی کوئی امید نہ رہی ہو تو پوست ریٹھا اتولہ کو گھوٹ کر یا جوشاکر مریض کو غرغرے کرائیں - اگر بیہوش ہو تو اس کے منہ میں ڈال کر سر کو ہلائیں - خدا نے چاہا تو دو منٹ میں اٹھ بیٹھے گا یہ بارہا کا مجرب المجرب اور ہزار روپے کا نسخہ ہے۔

مُردہ جنین: اس کو پانی میں پیس کر زرجہ بنا کر اندام نہانی میں رکھنے سے مردہ جنین اور مشیمہ خارج ہو جاتا ہے۔

پیاز کے مجرّب نُسخے

پیاز ہمارے گھروں میں گو منوں ہی پڑے رہیں مگر اس سے کیا فائدہ حالانکہ پیاز بہت سی مرضوں کے لئے ایک نہایت اعلےٰ اور مسلمہ چیز ہے ذیل میں چند نسخے درج کئے جاتے ہیں۔

ہیضہ: پیاز کا پانی ایک تولہ ہر گھنٹے کے بعد پلاتے جائیں۔

عجیب تاثیر: جو اصحاب پیاز کا زیادہ استعمال کرتے ہیں ان کو دانتوں کی بیماریاں بہت ہی کم ہوا کرتی ہیں۔ یہ پیاز کی تاثیر ہے۔

کان درد: اگر کان میں شدت سے درد ہو رہا ہو تو پیاز کا پانی نکال کر اور نیم گرم کر کے چند قطرے کان میں ڈالیں فوراً ہی درد بند ہو گا۔

دست و پیچش: جب بند کرنے منظور ہوں تو پیاز کے پانی ۲ تولہ میں نصف رتی افیون حل کر کے پلا دیں - فوراً فائدہ ہو گا۔

بچھو گزیدہ: جہاں بچھو کاٹے اس پر نصف پاؤ پیاز کوٹ کر ٹکیہ کی طرح باندھ دیں دس منٹ میں آرام ہو گا۔

بھڑ شہد کی مکھی کے زہر کو دور کرنے کے لئے پیاز کا پانی ۲ تولہ میں نوشادر اتولہ ملا کر کھرل میں ڈال کر اچھی طرح یکجان کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں - اور بوقت ضرورت چند قطرے بھڑ وغیرہ کے کاٹے پر فوراً مل دیں تو ورم بھی نہیں ہوتا

گھیکوار کے فقیرانہ چٹکلے

سنیاسی لوگوں کو اس مبارک پودے پر بے حد ناز ہے۔ بلکہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ سنیاسیوں کی جان ہے۔ کیونکہ اس سے ہر قسم کے کشتہ جات بڑے مفید اور عجب تیار ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں اس کا سالن شربت۔ اچار اور معجون بھی بڑے فوائد دکھتے ہیں۔

نزلہ: مریض کو جب حد سے زیادہ تکلیف ہو رہی ہو تو ذیل کے چٹکلے پر عمل کریں برگ گھیکوار کو ایک جانب سے چھیلکر اس کو گرم کر لیں اور جس طرف کی آنکھ میں درد ہو۔ اس پاؤں کے انگوٹھے کے زیریں حصہ پر رکھکر باندھ دیں۔ ایشور چاہے فوراً درد بند ہو جائے گا۔

پھوڑا ہر قسم: جو پھوڑا پھوٹنے میں ہی نہ آتا ہو۔ تو گھیکوار کا پتہ لیکر ایک طرف سے چھیل ڈالیں اور اس پر نمک باریک شدہ چھڑک کر گرم کر کے اوپر باندھیں۔ دو تین بار کے باندھنے سے ضرور پھوٹ جائے گا۔

زخم: خواہ کیسا ہی بگڑا ہوا کیوں نہ ہو۔ ڈاکٹر لوگ بھی تنگ آ گئے ہوں برگ گھیکوار کو لے کر ایک طرف سے چھیلکر اوپر قدرے ہلدی کا سفوف ڈالدیں اور نیم گرم کر کے اوپر باندھا کریں۔ زخم بالکل مندمل ہو جاوے گا۔ کیونکہ یہ خود ہی زخم کو مندمل کرتا ہے اور خود ہی صاف کرتا ہے۔ زیادہ تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں دیکھو رسالہ گھیکوار کے اسرار" قیمت آٹھ آنے جسمیں جامع معلومات پیش کی گئی ہیں

انار کے خواص

انار میں قدرت نے بہت سے فوائد پنہاں رکھے ہیں مگر اس کے لئے چشم بینا کی ضرورت ہے یہی نہیں کہ لیا اور انار کو کھا لیا۔ بلکہ اس کے استعمال کے الگ الگ طریق ہیں چنانچہ ہم ناظرین کی معلومات کیلئے ذیل میں انار کے چند فوائد بیان کرتے ہیں

شربت انار: انار کے دانوں کا پانی نچوڑ کر شربت بنایا جاتا ہے جو دل و

جگر کو طاقت دیتا اور حرارت کو زائل کرتا ہے۔ پیاس کو کم کرتا ہے اور متلی کے لئے بھی مفید ہے۔ آب انار شیریں ایک سیر لیکر جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے تو اس وقت نصف سیر قند سفید شامل کر کے قوام بنائیں مقدار خوراک ۲ تولہ سے ۳ تولہ تک

رُبّ انار: میٹھے اناروں کو لیکر ان کے تمام کے تمام دانے نکال کر کسی صاف کھرل میں ڈال کر آہستہ آہستہ کوٹیں اور پھر کسی صاف ململ کے رومال میں سے پُن کر ان کا پانی لیں۔ اگر یہ پانی ایک سیر ہو تو اس قدر جوش دیں کہ پاؤ بھر رہ جائے اس وقت اس میں ۱۰ تولہ مصری ملا کر آگ پر رکھکر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب خوب غلیظ قوام بن جائے تو اتار کر کسی چینی کے برتن میں رکھیں اور مریض کو ۵ تولہ تک چٹائیں ہچکی اور ضعف معدہ کے لئے اکسیر ہے۔

کشتہ چاندی: برادہ چاندی ۶ ماشہ کو کسی پختہ کھرل میں ڈال کر کابلی انار کے پانی میں کھرل کریں جب پانی خشک ہو چکے تو اور ڈال دیا کریں یہاں تک کہ پاؤ بھر پانی جذب ہو جائے۔ پھر ٹکی بنا کر کوزہ میں بند کر کے پندرہ سیر اپلوں میں ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں دیں اعلیٰ درجہ کا مقوی کشتہ ہے مقدار خوراک نصف رتی تا ایک رتی ہمراہ مکھن۔ جریان۔ ضعف باہ اور ضعف اعضائے رئیسہ کی اعلیٰ دوا ہے۔

بادام کے لذیذ مرکبات

بادام ایک مشہور خشک میوہ ہے جو کم و بیش ہر گھر میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر چونکہ اس کے پورے فوائد سب لوگوں کو معلوم نہیں اس لئے اس سے پورا فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا۔ بلکہ اکثر اس کو غلط طریقہ سے استعمال کی وجہ سے ضائع ہی کیا جاتا ہے ذیل میں چند ایک نسخے درج کئے جاتے ہیں۔ بادام تلخ میں سمیت ہوتی ہے اسلئے اندرونی طور پر اس کا استعمال جائز نہیں۔

سفوف بادام: سونف ۶ ماشہ۔ مصری ۶ ماشہ مغز بادام ۷ عدد رات کو دردرا سا کوٹ کر دودھ سے استعمال کیا کریں اور اس کے بعد پانی ہرگز نہ پیا کریں چالیس دن کے استعمال سے خدا نے چاہا تو عینک کی عادت دور ہو جائے گی۔

روغن بادام: سر اور بدن میں خشکی ہو تو اس کی مالش کرنے سے زائل ہو جاتی ہے اور دائمی قبض کو دور کرنے کے لئے ایک تولہ روغن بادام گرم دودھ میں شامل کر کے پلاتے ہیں۔

شیرہ بادام: مغز بادام ۷ عدد۔ الائچی خورد ۳ عدد آدھ سیر پانی میں گھوٹیں اور کھانڈ ملا کر روزانہ استعمال کیا کریں پیاس کو بجھاتا ہے اور زیادتی پیشاب کو دور کرتا ہے

منجن سیاہ: بادام کا سخت چھلکا سوختہ نصف سیر۔ فلفل سیاہ ۲ ½ تولہ نمک خوردنی ۵ تولہ گل نمبا کو ۱۰ تولہ کوٹ چھان کر رکھ لیں بطور منجن صبح و شام استعمال کریں دانتوں کو صاف اور چمکدار بناتا ہے۔

سنیاسی چٹکلہ: یہ ایک سنیاسی کا دھوتی کا نسخہ ہے۔ اگر کسی کی آنکھوں میں سے پانی بہتا رہتا ہو تو اس کو ۱۱ عدد مغز بادام روزانہ چباتے رہنے سے بند ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ جمائی لیتے وقت بھی نہیں آتا۔

آک کے سنیاسی نسخے

مشہور ہے کہ جہاں کوئی چیز افراط سے ملے وہاں اس کا کچھ اثر نہیں ہوتا چنانچہ ہمارے ملکی لوگ اس مبارک پودے کو بے فائدہ سا خیال کرتے ہیں مگر جہاں اس پودے کا وجود نہیں وہ کہا کرتے ہیں کہ جہاں آک ہوتا ہے کیا وہاں بھی لوگ بیمار ہو جاتے ہیں گویا کہ ان کے نزدیک یہ تندرستی اور صحت کا درخت ہے لہذا ہم چند نسخے ہدیۂ ناظرین کرتے ہیں۔

نسوار: آک کے دودھ میں چاولوں کو تین مرتبہ تر کر کے خشک کریں پھر باریک پیس کر نسوار بنالیں۔ نزلہ زکام کی وجہ سے درد سر۔ درد کان۔ درد داڑھ وغیرہ دور ہوتے ہیں۔

مرگی: آک کا ڈنڈا بیٹھنی میں ڈال کر رکھیں جب خشک ہو جائے تو برابر وزن مرچ سیاہ ملا کر باریک پیس کر نسوار بنالیں اور بوقت ضرورت مرگی والے مریض کو ذرا سی ناس دیں فوراً ہوش میں آجائے گا۔

کھانسی و دمہ: آک کے پتوں پر جو باریک باریک روئیں سی ہوا کرتی ہے اس کو

نہایت احتیاط سے کھرچ کر باجرے کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک گولی صبح وشام کھلا کر اوپر سے پان کا بیڑا چبائیں۔ صنا چاہے کھانسی و دمہ پانچ روز میں دور ہو نگے بعض اطبا آک کا نمک بمقدار ایک رتی پان میں رکھ کر دمہ کے مریضوں کو استعمال کراتے ہیں :۔

قے آور: اس کی جڑ کے چھلکے کا سفوف ۵ سے ۱۵ گرین کھلانا پلوس اپی کاک کا قائم ہے اور قے لاتا ہے۔

طاعون: مریض کو نامعلوم طور پر آک کے پتے کھلانا شروع کریں جبتک کہ اسے کڑوے معلوم نہ ہوں بلا دھڑک کھلاتے رہیں۔ جب کڑوے معلوم دیں تو بند کر دیں۔ بفضلہ آرام ہوگا۔ مجرب ہے۔

ہیضہ: آک کی تازہ جڑ ا تولہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ دونوں کو ادرک کے پانی میں پیسکر چنے برابر گولیاں بنائیں۔ دو دو گھنٹے بعد گلاب اور سکنجبین کے ہمراہ ایک گولی دیں

مارگزیدہ کا علاج: اس کی کونپلیں تین عدد قند سیاہ میں رکھکر کھلائیں اوپر سے روغن زرد پلائیں۔

بچھو۔ بھڑ۔ شہد کی مکھی کے کاٹنے پر فوراً ہی آک کا دودھ چند قطرے لگا دو فوراً آرام ہوگا۔ ہم نے بارہا تجربہ کیا ہے۔ بالکل درست ہے۔

استسقا (جلندھر) دس تولہ سبز پتوں کو اچھی طرح کوٹ کر ہلدی ایک تولہ ملا کر حبوب بقدر دانہ ماش بنالیں۔ خوراک ۲ گولی ہمراہ تازہ پانی۔ چار روز کے بعد ایک گولی روزانہ بڑھاتے جائیں یہانتک کہ ۵ گولیاں تک نوبت آجائے اس کے بعد ۵ گولیاں روزانہ استعمال کریں۔

بڑی پھنسی: جو کہ آگ کیطرح جلتی رہتی ہے اور ہمیشہ جوڑ پر نکلتی ہے اس کے اوپر آک کا دودھ لگا دیں فوراً ٹھنڈ پڑجائے گی۔ گویا جلتی آگ پر پانی پڑگیا ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھو رسالہ آک کے کرشمے قیمت ۸/

نمک کے عجائبات

آپ یہ مت سمجھیں کہ نمک بس سالن میں ڈالنے کے لئے ہی ہے نہیں بلکہ اس سے تقریباً تیس مرضوں کی دوا بڑی آسانی سے تیار ہو جاتی ہے چند نسخے ملاحظہ فرمائیں

محافظ بینائی: ایک شخص جس کی عمر نوے سال کی تھی اس کی نظر اس پیرانہ سالی میں بھی کم نہ ہوتی تھی۔ اس نے بتایا کہ میں ہمیشہ شیشہ نمک کی ڈلی بلاناغہ اپنی آنکھوں میں پھیرا کرتا ہوں۔ اسی واسطے نظر قائم ہے۔

بدہضمی: ایک ماشہ نمک پسے ہوئے کی چٹکی کھانا بدہضمی کو دور کرتا ہے۔

ہچکی: خواہ کسی وجہ سے آرہی ہو نمک کی نسوار لینے سے آرام آجاتا ہے۔

داد: نمک کی ڈلی کو پتھر پہ پانی سے گھس کر داد پر لیپ کردیں چند روز میں ہی پرانی سے پرانی داد بالکل دور ہو جاتی ہے۔ آرام ہونے کے بعد بھی کئی روز لگاتے رہنا چاہیئے۔ تاکہ اس کی جڑھ جاتی رہے۔

بوائی: اگر پاؤں میں بوائی پھٹ گئی ہو تو چار تولہ موم پگھلا کر ایک تولہ نمک پیس کر ملا لیں اور بوقت ضرورت پگھلا کر بوائی میں بھر دیا کریں یا اس میں دس تولہ میٹھا تیل بھی ملا دیں تاکہ ویزے لین کی طرح مرہم تیار ہو جائے۔

چرنے: نمک مصفٰے ایک ٹیبل سپون بھر لیکر آٹھ اونس گرم پانی میں ملا کر متواتر دس روز تک اینما (حقنہ) کریں بچوں کے لئے چمچہ خورد بھر نمک کافی ہے۔

بچھو کا زہر: نمک کا پانی یعنی ذرا سا نمک پانی میں حل کرکے چند قطرے دونوں آنکھوں میں ڈال دیں فوراً زہر دور ہو کر مریض کو آرام ہو جائے گا۔

زقوم (تھوہر) کی تاثیرات

ایک قسم کی مشہور جھاڑ ہے جسے اہل یو۔پی اپنے کھیتوں اور باغوں کی باڑھ لگانے اور دربندی کرنے کے لئے لگاتے ہیں۔ اونچائی قدآدم کے برابر یا کم و بیش ہوتی ہے۔ پتے چھوٹے ٹہنیوں میں ہی شاخیں نکلتی ہیں جن کی موٹائی انگلی کے برابر ہوتی ہے۔ جسکے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے جو کہ زہریلا ہوتا ہے۔ عام طور پر تین اقسام

کی دیکھنے میں آتی ہے۔ چودھارا سہ دھارا اور ڈنڈا تھوہر ہر سہ اقسام کانٹے دار ہوتی ہیں اور قسم دوم بہت کمیاب ہے یہ ہر موسم میں سرسبز رہتی ہے مگر اس کے نئے شگوفے موسم بہار اور موسم برسات میں نکلتے ہیں۔

اس کا دودھ مسہل بلغم ہونے کے باعث آتشک۔ وجع المفاصل استسقا نقرس فالج۔ لقوہ امراض پیٹ۔ سوجن۔ بواسیر تلی کے جملہ امراض میں استعمال کیا جاتا ہے۔

داد: تھوہر کا دودھ لگانے سے درد زائل ہو جاتا ہے۔

مسہل بلغم: آرد نخود یا نخود باریک شدہ کو شیر تھوہر میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنا کر حسب طاقت آتشک۔ وجع مفاصل۔ استسقا۔ بلغمی کھانسی اور دمہ کے مریضوں کو کھلاتے ہیں دست آکر مادہ مرض دفع ہو جاتا ہے

بواسیر: تھوہر کا دودھ یک حصہ اور ہلدی نصف حصہ کے مرکب کو مرہم بنا کر استعمال کرنے سے مرض بواسیر کو حیرت انگیز فائدہ پہنچتا ہے لیکن قدرے تکلیف ضرور ہوتی ہے اس مرہم کو باحتیاط مسوں پر لگانا چاہیئے اس سے مسے مفقود ہو جاتے ہیں۔

تریاق شکم: تھوہر کے دودھ میں پیلی خورد کو بھگو کر خشک کر لیں تین رتی سفوف کو ہمراہ گرم پانی استعمال کریں نفخ معدہ۔ امراض شکم۔ کرم معا جلودھر اور بواسیر کے لئے نہایت مفید ہے۔

زہریلے جانوروں کا کاٹنا: بیخ تھوہر کو گرم پانی میں گھس کر لگانے سے جلد ڈنگ مارنے والے کیڑوں کا زہر فوراً دور ہو جاتا ہے

دردوں کا تیل: اس کی نرم اور نازک شاخوں کو آگ میں مشوی کر کے نچوڑیں اور اس میں ہموزن روغن کنجد ملا کر آگ پر پکائیں یہاں تک کہ صرف تیل رہ جائے وجع مفاصل۔ نقرس۔ عرق النسا میں اس تیل کی مالش کرتے ہیں فالج و لقوہ کیلئے بھی مفید ہے

آملہ کی خوبیاں

سبز آملوں کے رس میں یا خشک آملوں کے کاڑھے میں ہلدی کا سفوف اور شہد ملا کر استعمال کرنے سے ہر قسم کا پرمیہ دور ہوتا ہے۔

خشک آملوں کا سفوف ۳ سے ۵ ماشہ تک قدرے شہد ملا کر چاولوں کے دھوون کے ساتھ استعمال کرنے سے عورتوں کا سفید پانی بند ہو جاتا ہے۔ آملہ کا سفوف اور منقہ دونوں ہموزن لیکر پانی میں گھونٹ کر شہد ملا کر استعمال کرنے سے دل کی گرمی۔ پیشاب کی جلن اور جسم کا بھاری رہنا دور ہوتا ہے۔

سبز یا خشک آملوں کو پانی میں پیسکر سر پر لیپ کرنے سے نکسیر بند ہوتی ہے
آملہ کو چھاچھ کے ساتھ پیسکر جسم پر لیپ کرنے سے جسم کی جلن دور ہوتی ہے۔
آملہ اور دھنیا دونوں کو پانی میں پیسکر ناف پر لیپ کرنے سے پت سے آنے والے دست بند ہو جاتے ہیں۔

آملہ اور ہلدی کا سفوف کر کے چہرہ پر روزانہ ملیں۔ رنگ نکھر جائیگا اور خط و خال میں دلکشی آجائے گی۔

خشک آملوں کو آگ میں جلا کر مکھن میں ملا کر لگاتے رہنے سے پرانے سے پرانا زخم بھی بھر جاتا ہے۔

آملہ کے جوشاندہ سے بالوں کو دھونا بالوں کو طاقت دیتا اور انکی سیاہی کو برقرار رکھتا ہے۔

خشک آملوں کا سفوف شکر ہم وزن میں ملا کر کھانے سے دل کی دھڑکن دور ہوتی
آملہ کا مربہ مقوی دل۔ مقوی معدہ وجگر اور مقوی بصارت ہوتا ہے نہایت لذیذ خون کو صاف کرتا۔ تمام امراض جگر کو مفید۔ نیز پیاس کو کم کرتا اور دستوں کو روکنے کیلئے بھی فائدہ مند ہے۔

ہڑ بہیڑہ اور آملہ تینوں کو ہموزن لیکر سب کی گٹھلی نکال کر سفوف کر پیس اور کپڑ چھان کر کے سوتے وقت چھ ماشہ سفوف کو منہ میں رکھ کر پانی سے نگل جائیں۔ اس کے روزانہ استعمال سے دائمی قبض دور ہوگا۔ یہ سفوف آنکھوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ نیز تقویت بصارت کے لئے سبز آملوں کا سالن یا بھجیہ پکا کر کھاتے ہیں۔

دریافت طلب امور کے لئے جوابی کارڈ آنا ضروری ہے

مولی کے اسرار

مولی ایک کثیر الاستعمال ترکاری ہے۔ اس کے پتے شلجم کے پتوں سے مشابہ اور جڑ سفید بالشت بھر لمبی ہوتی ہے۔ اس کا مزہ شاداب شوریت مائل اور تیز ہوتا ہے۔ مولی ملطف۔ ہاضم کاسر ریاح۔ مدر بول اور محلل ورم طحال ہے اور اطبا اسے پہلے درجہ میں گرم اور دوسرے درجہ میں تر بتاتے ہیں اس میں وٹامین اے۔ بی سی اور ای بقدر مناسب موجود ہیں۔ وٹامین اے اور سی کی وجہ سے مولی مانع سکربوط ہے۔ وٹامین بی سوزش اعصاب کو روکتی ہے اور وٹامین ای مردوزن میں قوت تولید کو بڑھاتی ہے اور اس کی قلت عقر اور عادتی اسقاط کا باعث ہوا کرتی ہے۔ کچی مولی دافع قبض ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ اس کا موٹا چوبی ریشہ آنتوں میں پہنچکر فضلہ کو آگے دھکیلتا ہے۔ مولی کی تلخی اور تیزی کو دور کرنے کے لئے بعض لوگ اسکی قاشوں کو نمک لگا کر رکھ دیتے ہیں تاکہ تند اور کڑوا پانی نکل جائے لیکن یہ عمل درست نہیں۔ نیز بھجیا بناتے وقت مولی کو ابال کر پانی پھینک دینا بھی ٹھیک نہیں۔ ان طریقوں سے تمام نمکیات اور دوسرے ضروری اجزا ضائع ہو جاتے ہیں اور صرف چوبی ریشہ باقی رہ جاتا ہے جسے مولی کا فضلہ سمجھنا چاہیئے۔ مولی کا پانی خون کو صاف کرتا ہے کیونکہ گندھک کا جزو موجود ہے چنانچہ اس کی بو باس اسی کے باعث ہے کچی مولی سے بدبو اور ڈکاریں آتی ہیں۔ اس لئے یہ بعض طبائع کو مرغوب نہیں۔ دیہاتی لوگ بعد میں گڑ اور تل کھا لیتے ہیں تاکہ اس کی بدبو دب جائے۔ اگر اسے نمک کالی مرچ اور زیرہ کے ساتھ کھائیں تو ڈکاریں بہت کم آتی ہیں اسے ہمیشہ کھانے کے ہمراہ یا درمیان میں خوب چبا کر کھایا جائے تو ہاضم غذا میں مدد ملیگی اور یہ خود بھی ہضم ہو جائے گی۔ کھانا کھانے کے بعد اس کو استعمال نہ کرنا چاہیئے ورنہ کھانا ہضم ہونے کے باوجود عرصہ تک ڈکاریں آتی رہتی ہیں اسی وجہ سے بعض اطبا کہتے ہیں کہ خود دیر ہضم ہے لیکن دوسری غذا کو ہضم کر دیتی ہے اس کا سالن یا رائتہ سریع الہضم ہوتا ہے۔ بھجیا بناتے وقت مولی کے چھوٹے اور نئے پتے نہ اتاریں البتہ بڑے بڑے ڈنٹھل پختہ اور موٹے پتے پھینک دیئے جائیں۔ مولی کا پھل جسے مونگرے یا سینگرے کہتے ہیں فوائد میں مولی کے ہم پلہ ہیں۔ دیسی معالجین اسے بواسیر۔ استسقا اور یرقان میں بکثرت استعمال کرتے ہیں نیز مولی کے پتوں اور جڑوں کو جلا کر نمک نکالا جاتا ہے اور اسے سنگ گردہ و مثانہ کو خارج کرنے کے

کے لئے کھلاتے ہیں چند نسخہ جات ملاحظہ ہوں:۔

ورم طحال: مولی کو سرکہ میں پرورده کر کے کھلانا طحال میں نفع بخش ہے

یرقان: مولی کے سبز پتوں کا چھاڑا ہوا پانی ۲ تولہ شکر سرخ ۱ تولہ شربت شیریں کر کے پلانا مفید ہے۔

خمار شراب: مولی کے سبز پتے ایک تولہ مصری ۳ تولہ باریک پیسکر پانی ملا کر مخمور کو پلانے سے نشہ اتر جاتا ہے اگر شراب پینے سے جگر جل گیا ہو تو یہ نسخہ کئی روز تک متواتر استعمال کریں

بواسیر: مولی یا اس کے پتے یا مونگرے ۵ تولہ۔ کالی مصری ۲ تولہ۔ بھوری مرچ ۵ عدد پیس چھان کر روزانہ پینا مسوں کی خارش جلن اور درد دور کرتا ہے۔

روغن ترب: مولی کی جڑ تازہ شاداب لیکر کچل کر عرق نکالیں اور چہارم حصہ روغن کنجد ملاکر نرم آنچ پر پکائیں جب صرف روغن رہ جائے تو چھان کر رکھ لیں اس کو نیم گرم کر کے کان میں ڈالنا درد گوش اور طنین و دوی کے لئے نافع ہے۔

کشتہ ابرک: مولی کا پانی کسی کانسی کے برتن میں ڈال کر اس میں ابرک سفید ۱۰ تولہ ریزہ ریزہ کر کے ڈال دیں۔ بارہ گھنٹوں میں ابرک پھول کر ہاتھوں سے ملے جانے کے قابل ہو جائے گا۔ اس کو خوب کھرل کر کے خشک ہونے پر قلمی شورہ ۵ تولہ نیچے اوپر رکھ کر کوزہ گلی میں ڈال دیں اور روئی آمیز مٹی سے گلحکمت کر کے سات سیر اپلوں کی آگ دے دیں کوزہ کے سرد ہو جانے پر نکال کر باریک کر کے ایک سیر پانی میں حل کر دیں اور ایک گھنٹہ کے بعد پانی نتھار کر کشتہ کو کسی طشتری میں ڈال کر اپلوں کی گرم راکھ پر خشک کر لیں ایک تا چار رتی یہ کشتہ ہمراہ تبا شیر۔ ست گلو مصری گاؤ زبان کھلانا کہنہ اور صفراوی بخاروں کا بہترین علاج ہے

نوٹ: جو اصحاب بنا بنایا کشتہ ابرک سفید خریدنا چاہتے ہوں وہ اسے بحساب ایک روپیہ دو آنہ فی تولہ دواخانہ ڈاکٹر حکیم حاجی غلام نبی زبدۃ الحکما لاہور سے منگا سکتے ہیں۔

کشتہ حجر الیہود: حجر الیہود ۵ تولہ کو کوٹ کر باریک کریں اور مولی کے سبز پتوں کا پانی پاؤ سیر ڈال کر کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں۔ پھر ایک مٹی کا سکورہ لے کر دس تولہ قلمی شورہ نصف اس ٹکیہ کے اوپر نصف نیچے رکھکر گلحکمت کر کے ۸ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں اور پھر اس ٹکیہ کو پاؤ سیر مولی کے پانی میں کھرل کر کے ۱۰ تولہ قلمی شورہ کے درمیان رکھکر بدستور سابق ۸ سیر اپلوں کی آگ دیں یعنی چار بار کریں نہایت عمدہ کشتہ تیار ہوگا خوراک ایک تا ۲ رتی مناسب بدرقہ کے ساتھ ۱۰ روز استعمال کرائیں گردہ و مثانہ کی پتھری کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے خارج کر دیتا ہے۔

نوٹ: تیار شدہ کشتہ ...

فہرست کتب جدیدہ ۴۵-۱۹۴۴ء

تمام سابقہ فہرستیں منسوخ تصور فرمائیں

اس زمانہ میں کاغذ کی کمیابی اور کنٹرول آرڈر کی وجہ سے آئندہ کسی بھی کتاب کا چھپوانا بے حد دشوار ہو گیا ہے لیکن کاغذ کی انتہائی گرانی اور کمیابی کتابت اور طباعت کی سخت مشکلات کے باوجود ہم اکثر کتابیں پرانی قیمت پر فروخت کر رہے ہیں بعض کتابیں مثلاً علم و عمل طب اور جنسی امراض اور اس کا علاج مصنفہ کرنل بھولا ناتھ آئی۔ ایم۔ ایس بہت تھوڑی تعداد میں موجود ہیں اس لئے اپنا آرڈر جلد بھیجئے ایسا نہ ہو کہ آپ کی فرمائش پہنچنے سے پہلے مطلوبہ کتاب ختم ہو جائے اور آپ کو مایوس ہونا پڑے۔ شائقین کو چاہئیے کہ فہرست ہذا اول سے آخر تک بغور ملاحظہ فرمائیں اور جو کتابیں انہیں درکار ہوں جلد سے جلد طلب کریں آرڈر دیتے وقت فہرست کی قیمتوں کا حوالہ ضرور دیں تاکہ تعمیل میں رکاوٹ نہ ہو۔ ایک روپیہ سے کم قیمت کا پیکٹ بذریعہ وی پی روانہ نہیں ہوگا۔ کیونکہ وی۔ پی بھیجنے پر کم از کم ۶/ محصولڈاک وخرچ رجسٹری لگ جاتا ہے اپنا نام و پتہ صاف اور خوشخط لکھئے پرانی کتب کے خریدار کو دو روپیہ پیشگی بھیجنے ضروری ہیں ورنہ آرڈر کی تعمیل نہ کی جائے گی۔ (مینجر)

جیبی عکسی حمائل شریف: یہ حمائل شریف عکسی بلاکوں سے نہایت ہی صاف طبع ہوئی ہے اس میں صحت کا خاص خیال رکھا گیا ہے خط بھی ایسا واضح ہے جسکے پڑھنے سے کوئی دقت نہیں ہوتی اشاعت عام کے خیال سے اس کا ہدیہ نہایت ہی قلیل رکھا گیا ہے ہمارا دعویٰ ہے کہ اتنی قیمت میں اعلیٰ کاغذ بہترین چھپائی اور مضبوط جلد بندی کی حمائل شریف آج تک شائع نہیں ہوئی تھی۔ ہدیہ سنہری مجلد ۶/ مجلد سیاہ ۱۲/

عملیات نادرہ

